کھلیان جھیل ترقی (منسوخی) قانون، ۱۹۶۴ء

مغربی پاکستان قانون نمبر XXVII، ۱۹۶۴ء

مندرجات.

عنوان:

حصے:

۱. مختصر عنوان۔

۲. تعریفیں۔

۳. منتقلی اثاثہ جات اور واجبات بورڈ برائے کارپوریشن۔

۴. ضمنی اختیارات۔

۵. منسوخی۔

کھلیان جھیل ترقی (منسوخی) قانون، ۱۹۶۴ء

مغربی پاکستان قانون نمبر XXVII، ۱۹۶۴ء

[۱۱ اپریل، ۱۹۶۴ء]

ایک

قانون

برائے منسوخی کھلیان جھیل ترقی آرڈیننس، ۱۹۵۹ء۔

عنوان۔ جبکہ یہ مفید ہے کہ کھلیان ترقی آرڈیننس، ۱۹۵۹ء کو منسوخ کیا جائے اور منتقلی اثاثہ جات اور واجبات کیلئے کھلیان جھیل ترقی بورڈ جو وہاں قائم کیا گیا اور اُن معاملات کیلئے جو وہاں ذیلی ہیں؛

اس طرح سے یہ ذیل نافذ کیا جاتا ہے۔

مختصر عنوان۔ **۱.** اس قانون کو کھلیان جھیل ترقی (منسوخی) قانون، ۱۹۶۴ء کہا جاسکتا ہے۔

تعریفیں۔ **۲.** اس قانون میں جب تک کہ سیاق وسباق کچھ دیگر متقاضی ہو مندرجہ ذیل اظہارات کا وہ مطلب ہو گا جو یہاں بالترتیب اُن کو تفویض کیا گیا ہے، جیسے کہا جاسکتا ہے—

(اَ) "بورڈ" سے مراد ہے کھلیان جھیل ترقی بورڈ قائم کردہ تحت کھلیان جھیل ترقی آرڈیننس، ۱۹۵۹ء؛

(ب) "کارپوریشن" سے مراد ہے مغربی پاکستان زرعی ترقی کارپوریشن قائم کردہ تحت مغربی پاکستان زرعی ترقی کارپوریشن آرڈیننس، ۱۹۶۱ء۔

منتقلی اثاثہ جات اور واجبات بورڈ برائے کارپوریشن۔ **۳.** اس قانون کے نافذ العمل ہونے کے بعد سے—

(اَ) بورڈ کے تمام کاروبار، منصوبے، معاہدے اور جائیدادہائے کارپوریشن میں شامل اور منتقل ہو جائیں گے؛

(ب) بورڈ کے ذمے تمام قرضہ جات، واجبات اور عائد ہونے والی ذمہ داریاں، کئے گئے معاہدہ جات اور تمام معاملات و اشیاء جن کو مصروف کار لایا گیا، ساتھ یا کیلئے، اور تمام دعویٰ جات اور دیگر کاروائیاں منجانب یا برخلاف، بورڈ کو، واجبات اور عائد ہونے والی

ذمہ داریاں، کئے گئے معاہدہ جات، یا، جیسا بھی معاملہ ہوا، معاملات اور اشیاء جن کو مصروف کارلیا گیا، ساتھ یا کیلئے، اور دعویٰ جات اور دیگر کاروائیاں منجانب یا کارپوریشن کے ذمے سمجھے جائیں گے؛

(ج) بورڈ کے تمام افسران، مُشیران اور مُلازمین علاوہ چیئرمین اور ممبران بورڈ کی مُلازمت حکومت کی طرف سے متعین کردہ شرائط وضوابط کے مطابق کارپوریشن کو منتقل کئے جائیں گے۔

۴. اس قانون کی دفعات کے اطلاق کی غرض سے، حکومت جیسے ضروری یا مفید سمجھے، مہیا کرے— ضمنی اختیارات۔

(اَ) اس سے پیدا ہونے والی مشکلات کا خاتمہ، یا اس کی نسبت، بورڈ کی تحلیل؛ اور

(ب) دیگر معاملات جو اضافی، یا متعلقہ ہونے، یا نتیجتاً تحلیل بورڈ۔

۵. کھلیان جھیل ترقی آرڈیننس، ۱۹۵۹ء کو یہاں سے منسوخ کیا جاتا ہے۔ منسوخی۔